ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((391

مورخہ20.08.25

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں12ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہاہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ چنی گوٹھ،دھوڑ کوٹ اور تھانہ قائم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے04ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے230لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ کوتوالی،اوچشریف اور تھانہ خیرپور ٹامیوالی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے04ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 04 کلو320 گرام چرس اور50 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سول لائنز،عباس نگر اور تھانہ عنائتی پولیس نے04ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے01عدد رائفل7ایم ایم،01عدد کاربین اور02عدد پسٹل 30بور برآمد کرلئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہاہے،انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھاجائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور:ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات،پولیس کی مختلف کارروائیاں،متعدد ملزمان گرفتار،بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((392

20.08.25

**بہاولپور(　　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے دریائے ستلج میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیشِ نظر شہریوں کو الرٹ رہنے اور حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔تمام پولیس افسران و جوان اپنی ڈیوٹی الرٹ رہ کر انجام دیں، نشیبی علاقوں میں رہنے والے افراد کو بروقت آگاہ کریں،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر شہریوں اور پولیس افسران کو حفاظتی تدابیر اختیار کرنے بارے متعدد احکامات جاری کر دیئے۔ڈی پی او بہاولپور نے تمام پولیس افسران و اہلکاران کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹی الرٹ رہ کر انجام دیں، نشیبی علاقوں میں رہنے والے افراد کو بروقت آگاہ کریں۔شہری دریائے ستلج کے کنارے اور سیلابی علاقوں میں غیر ضروری آمدورفت سے گریز کریں۔والدین اپنے بچوں کو پانی کے قریب کھیلنے سے سختی سے روکیں۔ہنگامی صورتحال میں فوراًپولیس ہیلپ لائن 15 یا ریسکیو اداروں کو اطلاع دیں۔ڈی پی او بہاولپور نے تمام ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اپنی حدود میں الرٹ رہیں اور نشیبی علاقوں کا مسلسل دورہ کریں۔عوام کو گھر گھر جا کر حفاظتی تدابیر سے آگاہ کریں۔ریسکیو ٹیموں اور ضلعی انتظامیہ سے قریبی رابطہ رکھیں تاکہ کسی بھی ایمرجنسی میں بروقت مدد فراہم کی جاسکے۔پولیس کنٹرول روم کو ہر لمحہ تازہ صورتِ حال سے آگاہ رکھا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ پولیس ہمہ وقت شہریوں کی مدد کے لیے موجود ہے، عوام اپنے تحفظ کے لیے پولیس اور ریسکیو اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے دریائے ستلج میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر متعدد احکامات جاری کر دیئے